© rasailojaraid.com

لوگوں کے ذہن میں الجھاؤ، طبیعت میں جوش اور اشتعال، سیرت میں بے اصولا پن اور اخلاق میں ابن الوقتی پیدا کرنے کے سامان مہیا کیے اور اجتماعی حیثیت سے ایک ایسا نظام قائم کر گئے جو ہر قسم کے جور و جفا کو نہ صرف برداشت کرتا ہے بلکہ اس کی تائید و حمایت بھی کرتا ہے۔ اور اس نظام کی سربراہی کا منصب جس شخص کو حاصل ہو جائے اُسے ایک ایسی حیثیت مل جاتی ہے جس کے سامنے اختلاف دم بخود ہو، جس کے روبرو تنقید مہر بلب رہے اور آزادی جس کے حضور میں سینے پر ہاتھ باندھ کر وقت گزار دے۔

**دین کی باتیں** | تالیف مولانا محمد عبدالحی صاحبؒ۔ شائع کردہ مکتبہ الحسنات۔ رامپور (بھارت)۔ قیمت ایک روپیہ پچھتر نئے پیسے (۱۲عہ/)، صفحات ۲۵۴۔

کتاب کے تعارف میں فاضل مصنف فرماتے ہیں "عرصے سے اس ضرورت کا احساس کیا جارہا تھا کہ جن لوگوں کے لیے مشکل عبارتوں اور علمی بحثوں کو سمجھنا دشوار ہے ان کے لیے کوئی ایسی کتاب تیار کی جائے جو آسان زبان اور سادہ انداز میں دین کا اجمالی تعارف کرا سکے اور جس کے پڑھنے کے بعد ایک عام آدمی کو یہ معلوم ہو جائے کہ اسلام کے بنیادی عقائد اور اعمال کیا ہیں، زندگی کے مختلف گوشوں میں اسلام کیا رہنمائی کرتا ہے اور ایمان اور اسلام کے وہ تقاضے کیا ہیں جنہیں پورا کرنا ایک مسلمان کے لیے ضروری ہے"

ہم نے اس کتاب کو اوّل تا آخر پڑھا ہے اور ہم مولانا محمد عبدالحی صاحب کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتے ہیں کہ وہ اپنے اس مقصد میں بہت کامیاب ہیں۔ کتاب کی زبان نہایت سادہ اور انداز بیان بڑا دلکش ہے اور اس کے مطالعہ کے بعد ایک شخص دین کے تقاضوں سے بآسانی واقف ہو سکتا ہے۔ پاکستان میں یہ کتاب اسلامی پبلیکیشنز لمیٹڈ شاہ عالم مارکیٹ لاہور سے مل سکتی ہے۔

**دین کی خدمت یعنی مسلمان مردوں کی ذمہ داری** | تالیف مولانا ابو سلیم محمد عبدالحی صاحب۔ شائع کردہ: مکتبہ الحسنات رام پور (بھارت)، قیمت فی جلد ایک روپیہ۔

© rasailojaraid.com